نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی کاشتکاروں کو موسم گرما کی سبزیات کاشت کرنے کی ہدایت

شہری موسم گرما کی سبزیات اپنے گھر کے باغیچہ کی کیاریوں یا چھت پر گملوں میں کاشت کرکے تازہ سبزیات حاصل کرسکتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 16 فروری 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکار موسم گرما کی سبزیات کریلا،گھیا کدو،چپن کدو، کالی توری ،بھنڈی، گھیا توری ،بینگن، ٹماٹر،سبز مرچ، شملہ مرچ، تر، کھیرا، پیٹھا وغیرہ سمیت موسم گرما کی دیگر سبزیات کی کاشت فوری کرلیں۔موسم گرما کی سبزیات کی کاشت **وسط فروری تا مارچ** کے اختتام تک کی جا سکتی ہے۔ مارچ کے بعد کاشت کی گئی سبزیات کی کاشت درجہ حرارت بڑھنے سے قاصر رہتی ہے۔موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے مزید بتایا کہ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔سبزیات کی کاشت سے چندروز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80فیصد سے کم نہ ہواور کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں اور جب پنیری کی عمر 30 تا35 دن ہو جائے تو پنیری کو محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سفارش کردہ فاصلہ پر منتقل کردیں۔کریلہ،گھیا کدو،چپن کدو،گھیا توری ،تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب جبکہ بھنڈی توری کی کاشت پٹریوں کے دونوں جانب کرنے سے نتائج بہتر ملتے ہیں۔اس کے علاوہ چھوٹے پیمانے پر عوام الناس موسم گرما کی سبزیات کچن گارڈننگ کے تحت گھر کے باغیچہ یا چھت پر بھی کاشت کرکے اپنی ضرورت کے مطابق تازہ سبزیات بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆